لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۵ مئی ۱۹۲۵ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
	اضافہ بابو چراغ الدین صاحب اوڈیٹر	۱ و ۲
	اضافہ سید امجد علی	۲
	اضافہ بابو بندرابن صاحب اوڈیٹر	۳
	اسم عہدہ اسسٹنٹ سرجن صاحب	۴
	رخصت بابو رام پرشاد صاحب	۴
	تقرری اسپلٹ فوج غوث حسین سب انسپکٹر	ر
	رخصت صابر علی خان	//
	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر در بارہ بندرہ روپیہ اضافہ بہ تنخواہ موجودہ پچہتر روپیہ بابو چراغ الدین صاحب اوڈیٹر نمک آڈٹ بوجہ حسن انجام دہی خدمات متعلقہ محنت و ہوشیاری و مستعدی و قابلیت و تجربہ ۱۰ء —

حکم

حسب استدعائے صاحب فائننشل سکریٹری۔

مطبوعہ ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۵ء جلد ۳

تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر در بارہ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بہ تنخواہ سید احمد علی مہر دکان خزانہ بوجہ حسن انجام دہی خدمت متعلقہ مشاہرہ دار ۔

حکم

سید احمد علی مہر دکان خزانہ کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر باستدعائے ۔ اضافہ بہ تنخواہ موجودہ بندرابن اڈیٹر سررشتہ آڈٹ بوجہ حسن انجام دہی خدمات متعلقہ بجٹ و لیاقت و مستعدی

حکم

حسب سفارش صاحب فائننشل سکریٹری بہادر بابو بندرابن اڈیٹر کی تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر -

حکم

اسسٹنٹ سرجن کے عہدہ کا نام آئندہ چیف مڈیکل افسر قرار دیا جانا منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں - اور درج گزٹ ہو -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

اسسٹنٹ سرجن صاحب کی استدعا ہے کہ انکے عہدہ کا نام تبدیل کرکے چیف مڈیکل افسر کردیا جائے۔ تنخواہ کو اس استدعا سے اختلاف نہیں ہے - رپورٹ اسسٹنٹ سرجن صاحب ہمراہ عرضداشت ہذا ارسال اجلاس ہمایوں ہے - دولت اقبال جاوید باد

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

بمنظوری اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم رخصت یکماہہ بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر انگریزی بوجہ علالت یوم استفادہ سے منظور کی گئی - زمانہ رخصت میں بابو جودی لال کلرک دار الانشا کام انجام دینگے - اور مبلغ پندرہ روپیہ الاونس تنخواہ رخصتی سے پائینگے - احکام ضابطہ جاری کردئے گئے
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر و ترقی

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

کاغذات تقرر و ترقی ملازمان پولیس بسلسلۂ فوتی شرافت حسین سب انسپکٹر شاہ آباد مع حکم منظوری بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم مورخہ ۱۱ مئی باین صراحت کہ شرافت حسین سب انسپکٹر متوفی کے مشاہرہ و دیگر الاونس بجائے افسر علیخان سب انسپکٹر نامزد متوفی اپنی موجودہ تنخواہ سے پر تو شل میں لیا جائے اور سید حسن علی سب انسپکٹر کورٹ کا الاونس مسدود ہوکر مبلغ ... انکی تنخواہ میں اضافہ ہو کر ... کے گریڈ میں لیا جائے اور ... الاونس جو سید حسن علی سب انسپکٹر کورٹ کے مسدود ہوگی انکی بصورت خاص سید عترت حسین ہیڈ کانسٹیبل مقرر کیا جائے -

حکم

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں -
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ رجسٹرار صاحب در بارہ منظوری رخصت یکماہہ صابر علیخان محرر رجسٹری بعوض شخص مناسب بنا بر تعمیر مکان -

حکم

صابر علیخان محرر رجسٹری صدر کی ایک ماہ کی رخصت بعوض مرزا محمد حسین امیدوار عدالت دیوانی منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۷ مئی ۱۹۲۵ء لغایۃ ۲۴ مئی ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷/۸ سار	۰	۷/۸ ۰ سار	۱۰۶ سار	۷/۸ سار	۱۰۶ سار	
نخود خاص	۸ سار	۰	۸ سار	۹ سار	۸ سار	۸ سار	
نخود کسہ آمیز	۸۰۸ سار	۰	۹۰ سار	۹/۷ سار	۸۰۸ سار	۸۰۸ سار	
کسہ	۵/۸ ۰ سار	۰	۹ سار	۹۰۹ سار	۹۰۹ سار	۹ سار	
ماش	۶ سار	۰	۶ سار	۶ سار	۶ سار	۶ سار	
مونگ	۶ سار	۰	۰	۰	۰	۶ سار	
مکا	۸ سار	۰	۰	۰	۱۰ سار	۰	
جئی	۹/۸ ۰ سار	۰	۱۰ سار	۱۱ سار	۱۰ سار	۱۰۰۱۰ سار	
گوجئی	۵/۸ ۰ سار	۰	۷۰۷ سار	۸ سار	۱۰ سار	۸ سار	
مسور	۷/۸ ۰ سار	[illegible]	۱۰ سار	۱۰ سار	۹ سار	[illegible] سار	
ارہر	۱۰۰۱۰ سار	۰	۱۱ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	۱۱ سار	
برنج	۴۰۴ سار	۰	۴۰۴ سار	۴/۴ سار	۴۰۴/۴ سار	۴۰۴ سار	
روغن زرد	۰ سار	۰	۰ سار	۰ سار	۰ سار	۱/۲ ۰۰۰ سار	
روغن سیاہ	۱/۲ ۱ سار	۰	۱۰۰۱/۲ سار	۱/۲ سار	۱/۲ سار	۱۰ سار	
روغن کنجد	۱ سار	۰	۰	۱/۲ سار	۱ سار	۱ سار	
نمک سانبھر	۱۲ سار	۰	۱۱۰ سار	۱۰ سار	۱۱ سار	۱۱ سار	
نمک لاہوری	۱۶ سار	۰	۱۶ سار	۱۵ سار	۰	۱۷ سار	
قند سیاہ	۴ سار	۰	۴ سار	۴ سار	۴ سار	[illegible]	
باجرہ	۱۶ سار	۰	۰	۰	۰	[illegible]	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور